
# Law and Justice Commission of Pakistan

**Public Awareness Scheme**
**Write-ups**
**(Qanoon Fehmi)**



## What the Law is About?

The ICT Rights of Persons with Disability Act, 2020, (Act No. XXXV of 2020) has been enforced to protect the rights of disable persons residing in the Islamabad Capital territory (ICT). The law aims to promote and guarantee effective participation of persons with disabilities, their respect in the society and dignity in line with Constitutional norms and Islamic Injuctions.

## What is Disability and Discriminationon Basis of Disability?

Under the Act, **disability means** any physical or mental deficiency which effects and makes difficult to perform daily and routine work. Likewise, **discrimination due to disability means** prejudice behavior with any person due to his physical or mental disability or discriminatory conduct on the basis of disability aiming to deprive of disable person from his basic rights and liberty.

## Rights of Disable Persons:

1. **Protection of Basic Rights:** Under the law, basic rights such as right of living, right of family, right of speech, access to justice, and right to own property, etc., of disable persons have been protected and guaranteed by the Government in accordance with statutory provisions.

2. **Legal Rights:** The Government shall take legal and administrative steps to protect personal and individual respect of disable persons and will also ensure legal rights to disable persons by taking necessary measures. Whereas, no person or institution can deprive of a disable person due to disability for using his legal rights.

3. **Rights of Equality, Health, Employment and Social Life:** The Government and private institutions are required to take steps for;-

- providing basic needs of life, education and professional capacity and trainings etc., to disable persons for their effective participation in the society.
- ensure access to all modes of education, vocational training, online/distance learning education and adult education.
- providing easy access to disable persons in hospitals, parks, streets, roads and public transport etc., including steps for provision of health and medical facilities.
- residentials facilities for disable persons to live relaxed and free life.
- to ensure employment of disable persons in the Government and private institution according to specified allocated quota.

Otherwise, the institution will contribute in to the Government established fund for disable persons equal to monthly salary or wages to be paid to a disable person.

- participation in politics and right to easy access for justice, including right to own property and provision of special protection during natural disasters.

### 4. Right to Enjoy Educational Facilities:

Equal educational facilities in the Government, private and special educational institutions, will be provided to the disable persons enabling them to full-fill their needs. Any institution will not refuse admission to disable persons. A discriminatory behavior of employee of any educational institution or violation of right, will be punished.

Besides, residential facility and hostel accommodation for disable persons would also be ensured by the Government to the disable persons. The Government will also provide training to teachers for making them experts to educate the disable persons.

### 5. Right to Redress the Complaints:

Any physical torture or injury caused to a disable person shall be treated as offence and punished under relevant provisions of the Pakistan Penal Code, 1860. The legal assistance will be provided at the expense of the Government or appropriate order will be passed for protection of disable person. No cost shall be charged from disable person for lodging in safe place. In case of any complaint received regarding discriminatory behavior caused to a disable person, immediate investigation would be made and redressal be provided by the Council[1] established for disable persons or law enforcement institution.


**For Further Information:**
The Ministry's helpline i.e.,1099 or office of the Council situated at CRDP/NARC, Gate No. 2, Park Road, Islamabad, may be contacted.

[1]The Council on Rights of Persons with Disabilities is delivering under administrative control of the Ministry of Human Rights, Islamabad, and is performing for maintaining registration record of disable persons for employment, rehabilitation and protection of their rights.

# قانون وانصاف کمیشن آف پاکستان

عوامی آگاہی سکیم

(قانون فہمی)



## معذورافراد کے حقوق کا قانون 2020

دار لحکومت اسلام آباد میں رہائش پذیر معذورافراد کے حقوق کو تحفظ فراہم کرنے کے لئے معذور افراد کے حقوق کا قانون 2020 نافذ ہے۔ اس قانون کا مقصد یہ ہے کہ معذور افراد کو معاشرے میں اہم مقام دیا جائے تاکہ وہ آئینی اور اسلامی تعلیمات کے مطابق پر اعتماد اورفعال زندگی بسر کر سکیں۔

## معذوری اور معذوری کی بنیاد پر تعصب

قانون ہٰذا کی رو سے معذوری (Disability) سے مراد کوئی بھی ایسی طویل المدتی جسمانی یا دماغی صورتحال ہے جو کسی شخص کی نقل و حرکت اور سرگرمیوں کو محدود کردے، جن میں جسمانی، ذہنی اور فکری نشوونما سے متعلق نقائص اور ایسے خلل شامل ہیں جو روزمرہ کے افعال کی سرانجام دہی مشکل بنادیتے ہوں۔

اسی طرح کسی معذوری کی بنا پر تعصب (Discrimination on the basis of Disability) سے مراد کسی معذوری کے حامل شخص سے محض اُس کی جسمانی یا ذہنی کمی کی بنیاد پر فرق کرنا ہے تاکہ اُس شخص کو معذوری کی وجہ سے سماجی بنیادی حقوق اور آزادیوں کے حصول سے دور رکھا جاسکے۔

## رابطہ برائے معلومات

- وزارت انسانی حقوق، اسلام آباد کی ہیلپ لائن نمبر 1099۔
- دفتر بحالی کونسل معذورافراد، واقع CRDP/NARC، گیٹ نمبر 2، پارک روڈ، اسلام آباد۔

LAW AND JUSTICE COMMISSION OF PAKISTAN
Supreme Court of Pakistan Building, Islamabad.

# معذور افراد کے حقوق

**1. بنیادی حقوق کا تحفظ :** اس قانون کے تحت حکومت معذور شخص کے بنیادی حقوق مثلا زندہ رہنے کا حق ، اظہار رائے کا حق، انصاف تک رسائی اور جائیداد رکھنے کے حق کے تحفظ کو یقینی بنائے گی۔

**2. قانونی حقوق :** حکومت قانونی اور انتظامی اقدامات کرے گی تاکہ معذور افراد کو باعزت ذاتی زندگی فراہم کی جائے اور کوئی شخص یا ادارہ معذور افراد کو قانونی حقوق سے محروم نہ کرسکے۔

**3. مساوات، صحت، روزگار اور معاشرتی زندگی کے حقوق:** قانون ہٰذا کی رو سے معذور افراد، بچوں ، خواتین اور خواجہ سراؤں (transgender) کی ذاتی زندگی اور برابری کا سلوک ، تعلیم اور روزگار کے مساوی مواقع اور ترقی کو تحفظ فراہم کیا گیا ہے۔ حکومت اور نجی ادارے ایسے اقدامات کریں گے جس سے ۔

- معذور افراد کو بنیادی ضروریات زندگی، تعلیم اور پیشہ ورانہ تربیت فراہم کر کے معاشرہ میں موٴثر کردار ادا کرنے کے قابل بنایا جاسکے۔
- معذور افراد کو ہسپتالوں، تفریحی مقامات، شاہراوں اور عوامی سفری سہولیات کے ساتھ ساتھ طبی اور رہائشی سہولتیں بھی دستیاب ہوں، تاکہ وہ آسان اور آرام دہ زندگی گزار سکیں۔
- حکومتی اور پرائیویٹ اداروں میں معذورافراد کو مخصوص آسامیوں پر روزگار فراہم کیا جائے گا۔ جو ادارہ معذور افراد کو ملازمت فراہم نہ کرے گا وہ حکومت کے قائم کردہ فنڈ برائے معذور افراد میں معذور فرد کی تنخواہ کے برابر چندہ جمع کرائے گا۔
- معذورافراد کو سیاست میں حصہ لینے، انصاف تک• رسائی، جائیداد رکھنے کا حق اور قدرتی آفات کے دوران خصوصی تحفظ فراہم کرنے کے اقدام کیے جائیں گے۔

**4. حقوق برائے تعلیمی سہولیات:** معذور افراد کی ضروریات پوری کرنے کے لئے حکومتی، پرائیویٹ اور خصوصی تعلیمی اداروں میں مساوی سہولیات فراہم کی جایئں گی اور کوئی ادارہ معذور افراد کو داخلہ دینے سے انکار نہیں کرے گا۔ کسی تعلیمی ادارے کے ملازم کے امتیازی سلوک یا معذور فرد کے حقوق کی خلاف ورزی کرنے پر اُسے سزا دی جائے گی۔

مزید بر آں حکومت۔

- معذور افراد کی شخصی تربیت، ذہنی اور جسمانی صلاحیت کی بہتری پر توجہ دے گی۔
- معذور افراد کے لیے رہائشگاہوں اور ہوسٹل میں رہائش جیسی سہولتوں کو یقینی بنائے گی۔
- معذور افراد کو ہر قسم کے تعلیمی طریقوں مثلاً، فنی تربیت، آن لائن / فاصلاتی طریقہ تعلیم اور تعلیم بالغاں، تک رسائی یقینی بنائے گی۔
- اساتذہ کو ایسی تربیت فراہم کرے گی جس سے وہ معذور افراد کو بہترین تعلیم دے سکیں۔

**5. شکایات کا ازالہ:**

حکومت ہر ممکن اقدام کے ذریعہ معذور افراد کو استحصال سے تحفظ فراہم کرے گی۔ معذورافراد سے استحصالی سلوک کے متعلق شکایت کی فوری تحقیق ہوگی اور معذورافراد کی کونسل یا قانون نافذ کرنے والا ادارہ شکایت کا ازالہ کرے گا۔

مزید بر آں، معذور افراد پر جسمانی تشدد کرنا تعزیرات پاکستان کی متعلقہ شق کے مطابق قابل سزا جرم ہوگا۔ معذور افراد کو حکومتی خرچے پر قانونی معاونت فراہم کی جائے گی یا معذور افراد کے تحفظ کے لئے مناسب حکم دیا جائے گا۔ جبکہ، معذور افراد کو محفوظ جگہ رہائش دینے کا خرچہ وصول نہیں کیا جائے گا۔

**6. معذور افراد کے حقوق کی کونسل:**

معذور افراد کے حقوق کی کونسل وزارت انسانی حقوق، اسلام آباد، کے زیر انتظام خدمات دے رہی ہے۔ علاوہ ازیں، کونسل درج ذیل فرائض ادا کرتی ہے۔

- معذور افراد کو روزگار فراہم کرنے کے لیے کونسل معذور افراد کی رجسٹریشن کر کے ریکارڈ مرتب کرتی ہے۔
- کونسل معذور افراد کی بحالی اور بنیادی حقوق کا تحفظ کرتی ہے۔
- کونسل معذور افراد کے لئے مناسب سماجی ماحول پیدا کرتی ہے۔
- کونسل معذور افراد کو امتیازی، استحصالی، متشدد اور ذلت آمیز سلوک سے تحفظ فراہم کرتی ہے۔

صوبائی اور انتظامی سطح پر پالیسیوں کے نفاذ اور رابطے کے لئے قانونی اور ادارہ جاتی ڈھانچے کے قیام کے لئے کونسل معاونت فراہم کرتی ہے۔